کتاب نما

A Documentary History of Islamic Education In Pakistan (پاکستان میں اسلامی تعلیم کی دستاویزی تاریخ) مرتبین: ڈاکٹر ممتاز احمد،حسن الامین۔ ناشر: ایمل پبلی کیشنز، ۱۲-سیکنڈ فلور، مجاہد پلازہ، بلیو ایریا، اسلام آباد۔فون: ۰۹۶ ۲۸۰۳ ۰۵۱۔ صفحات: ۳۳۲، قیمت: ۴۹۰ روپے۔

اس کتاب کے مرتبین نے تعارف میں لکھا ہے: ہمیں یہ کتاب ترتیب دینے کا خیال اسلامک فاونڈیشن بنگلہ دیش کی شائع کردہ: Reports on Islamic Education And Madarssa Education in Bengal (1861-1997) دیکھ کر آیا۔ چنانچہ مرتبین نے ۱۹۴۷ء سے تاحال اسلامی تعلیم پر پالیسی دستاویزات کو مرتب کیا گیا ہے۔ زیرنظر کتاب میں ۱۹۴۷ء سے ۱۹۷۰ء تک حسبِ ذیل رپورٹیں اور دستاویزات یک جا کی گئی ہیں: ● پاکستان ایجوکیشن کانفرنس، ۱۹۵۹ء ● قومی تعلیم پر شریف کمیشن کی رپورٹ ۱۹۵۹ء ● سید معظم حسین کمیٹی رپورٹ: اسلامی عربی یونیورسٹی کمیشن، ۱۹۶۴ء- ۱۹۶۳ء ● مشرقی پاکستان مدرسہ ایجوکیشن بورڈ، ۱۹۶۶ء ● مدرسہ ایجوکیشن پر ۶۷-۱۹۶۶ء کے سیمی نار کی رُوداد ● نور خان کمیشن کی رپورٹ ۱۹۶۹ء ● نئی تعلیمی پالیسی ۱۹۷۰ء۔

مرتبین نے مغربی مصنّفین کی اس غلط فہمی کا ازالہ کرنے کی کوشش کی ہے، پاکستان میں اسلامی تعلیم کا دائرہ صرف دینی مدارس تک محدود ہے۔ اسکولوں، کالجوں اور یونی ورسٹیوں میں جو مذہبی تعلیم دی جاتی ہے، وہ بھی اسلامی تعلیم کے زمرے میں شمار ہوتی ہے۔

مرتبین نے دوسری جلد بھی جلد شائع کرنے کا عندیہ دیا ہے۔ اقبال انٹر نیشنل انسٹی ٹیوٹ براے تحقیق و مکالمہ (IRD) کے ڈائرکٹر ڈاکٹر ممتاز احمد (م: ۳۰ مارچ ۲۰۱۶ء)

نے کتاب کا انتساب پروفیسر ظفر اسحاق انصاری کے نام کیا تھا، مگر وہ ممتاز صاحب کے ۲۶ روز بعد (۲۴/اپریل ۲۰۱۶ء) انتقال کر گئے۔ یہ کتاب ان دونوں محترم اور ممتاز محققین کی یاد تازہ کرتی رہے گی۔(رفیع الدین ہاشمی)

اسفار اقبال، عنایت علی۔ ناشر: قرطاس پبلشرز پوسٹ بکس نمبر ۲۵، فیصل آباد۔ ملنے کا پتا: مکتبہ معارف اسلامی منصورہ لاہور۔صفحات: ۳۱۲۔ قیمت: ۴۸۰ روپے۔

علامہ اقبال جیسی مختلف الحیثیات شخصیت کے سوانح اور فکر و فلسفے پر ہزار سے اوپر کتابوں کے باوجود، نئی کتابوں کی تالیف و اشاعت کا سلسلہ جاری ہے۔ زیرنظر کتاب میں علامہ اقبال کے ملکی اور غیر ملکی اسفار کی تفصیلات جمع کی گئی ہیں۔ اقبال کا پہلا قابلِ ذکر سفر انگلستان کا تھا، جس سے تین سال بعد وہ تین ڈگریاں لے کر واپس آئے۔ بعدازاں انھوں نے حیدرآباد دکن، کشمیر، مدراس، میسور، الٰہ آباد، شملہ، افغانستان، سرہند شریف، بھوپال، دہلی اور پانی پت کے سفر کیے۔ درمیان میں دوبار یورپ گئے اور ان دوروں میں انھوں نے انگلستان کے علاوہ ہسپانیہ، اٹلی، مصر، فلسطین کے مختلف علاقوں اور شہروں کے علاوہ بیت المقدس کی زیارت کی۔

مؤلف پیشے کے اعتبار سے انجینیر ہیں۔ برسوں پاکستان اٹامک انرجی کمیشن سے وابستہ رہے۔ اپنی پیشہ ورانہ مصروفیات کی ساتھ ساتھ انھوں نے فروغِ اقبالیات کو بھی مقاصد زندگی میں شامل کیے رکھا۔ جس کا حاصل زیرِنظر کتاب، یعنی اسفارِ اقبال کا ایک بہترین موقع ہے۔ سلیقے سے مرتب کی گئی یہ کتاب اقبالیات کی دل چسپ کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ طباعت اور اشاعتی معیار اطمینان بخش ہے۔(رفیع الدین ہاشمی)

تعارف کتب

⊙ **سیرت سید الابرارؐ**، منیر احمد خلیلی۔ ناشر: ادبیات، غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔صفحات: ۴۹۴۔ قیمت: ۸۵۰ روپے۔[سیرتِ پاکؐ پر اس کتاب کے پہلے حصے میں ولادت سے وفات تک کے واقعات کا تذکرہ ہے، دوسرے حصے میں سیرت و سنّت کے قرآنی گوشوں، تزکیہ و تربیت، دعوت و تبلیغ، امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور حقوق النبیؐ پر بات کی گئی ہے۔ مؤلف نے جو لکھا، سیرت پر ماقبل اردو کتابوں اور عربی مآخذ کو سامنے رکھ کر چھان پھٹک کر ذمہ داری سے لکھا۔ یہ کتاب اردو کے ذخیرہ سیرت النبیؐ میں اچھا اضافہ ہے۔]